احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

پیر 17 ستمبر 2007ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 17 ستمبر 2007ء 4 رمضان 1428 ہجری 17 تبوک 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 212

بہت زیادہ ہنسی

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

کم ہنسا کرو کیونکہ کثرت سے ہنستے ہی چلے جانا دل کو مردہ کر دیتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزہد باب الورع حدیث نمبر:4207)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

متقی کو ہمیشہ شیطان کے مقابل جنگ ہے، لیکن جب وہ صالح ہو جاتا ہے، تو کل جنگیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ایک ریاء ہی ہے، جس سے اسے آٹھوں پہر جنگ ہے۔ متقی ایک ایسے میدان میں ہے، جہاں ہر وقت لڑائی ہے۔ اللہ کے فضل کا ہاتھ اس کے ساتھ ہو، تو اسے فتح ہو۔ جیسے ریاء جس کی چال ایک چیونٹی کی طرح ہے۔ بعض وقت انسان بے سمجھے لیکن موقعہ پر ریاء کو دل میں پیدا ہونے کا موقعہ دے دیتا ہے۔ مثلاً ایک کا چاقو گم ہو جاوے اور وہ دوسرے سے دریافت کرے تو اس موقعہ پر ایک متقی کا جنگ شیطان سے شروع ہو جاتا ہے، جو اسے سکھاتا ہے کہ اس طرح دریافت کرنا ایک قسم کی بے عزتی ہے، جس سے اس کے افروختہ ہونے کا احتمال ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ آپس میں لڑائی بھی ہو جاوے۔ اس موقعہ پر ایک متقی کو اپنے نفس کی بدخواہش سے جنگ ہے۔ اگر اس شخص میں محض للہ دیانت موجود ہو تو غصہ کرنے کی اس کو ضرورت ہی کیا ہے، کیونکہ دیانت جس قدر مخفی رکھی جائے۔ اسی قدر بہتر ہے۔ مثلاً ایک جوہری کو راستہ میں چند چور مل جاویں اور چور آپس میں اس کے متعلق مشورہ کریں۔ بعض اسے دولت مند بتلاویں اور بعض کہیں وہ کنگال ہے۔ اب مقابلتاً یہ جوہری انہیں کو پسند کرے گا جو اسے کنگال ظاہر کریں گے۔

اسی طرح یہ دنیا کیا ہے۔ ایک قسم کی دارالابتلاء ہے۔ وہی اچھا ہے، جو ہر ایک امر خفیہ رکھے اور ریاء سے بچے۔ وہ لوگ جن کے اعمال للہی ہوتے ہیں وہ کسی پر اپنے اعمال ظاہر ہونے نہیں دیتے۔ یہی لوگ متقی ہیں۔

میں نے تذکرۃ الاولیاء میں دیکھا ہے کہ ایک مجمع میں ایک بزرگ نے سوال کیا کہ اس کو کچھ روپیہ کی ضرورت ہے۔ کوئی اس کی مدد کرے۔ ایک نے صالح سمجھ کر اس کو ایک ہزار روپیہ دیا۔ انہوں نے روپیہ لے کر اس کی سخاوت اور فیاضی کی تعریف کی۔ اس بات پر وہ رنجیدہ ہوا کہ جب یہاں ہی تعریف ہوگئی تو شاید ثواب آخرت سے محرومیت ہو۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ آیا اور کہا کہ وہ روپیہ اس کی والدہ کا تھا جو دینا نہیں چاہتی؛ چنانچہ وہ روپیہ واپس دیا گیا۔ جس پر ہر ایک نے لعنت کی اور کہا کہ جھوٹا ہے۔ اصل میں روپیہ دینا نہیں چاہتا۔ جب شام کے وقت وہ بزرگ گھر گیا۔ تو وہ شخص ہزار روپیہ اس کے پاس لایا اور کہا کہ آپ نے سرعام میری تعریف کر کے مجھے محروم ثواب آخرت کیا، اس لئے میں نے یہ بہانہ کیا۔ اب یہ روپیہ آپ کا ہے، لیکن آپ کسی کے آگے نام نہ لیں۔ بزرگ رو پڑا اور کہا کہ اب تُو قیامت تک موردِ لعن طعن ہوا، کیونکہ کل کا واقعہ سب کو معلوم ہے اور یہ کسی کو معلوم نہیں کہ تو نے مجھے روپیہ واپس دے دیا ہے۔

ایک متقی تو اپنے نفس امارہ کے برخلاف جنگ کر کے اپنے خیال کو چھپاتا ہے اور خفیہ رکھتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ اس خفیہ خیال کو ہمیشہ ظاہر کر دیتا ہے۔ جیسا کہ ایک بدمعاش کسی بدچلنی کا مرتکب ہو کر خفیہ رہنا چاہتا ہے، اسی طرح ایک متقی چھپ کر نماز پڑھتا ہے اور ڈرتا ہے کہ کوئی اس کو دیکھ لے۔ سچا متقی ایک قسم کا ستر چاہتا ہے۔ تقویٰ کے مراتب بہت ہیں، لیکن بہرحال تقویٰ کے لئے تکلف ہے اور متقی حالت جنگ میں ہے اور صالح اس جنگ سے باہر ہے۔ جیسے کہ میں نے مثال کے طور پر اوپر ریاء کا ذکر کیا ہے۔ جس سے متقی کو آٹھوں پہر جنگ ہے۔

بسا اوقات ریاء اور حلم کا جنگ ہو جاتا ہے۔ کبھی انسان کا غصہ کتاب اللہ کے برخلاف ہوتا ہے۔ گالی سن کر اس کا نفس جوش مارتا ہے۔ تقویٰ اس کو سکھلاتا ہے کہ وہ غصہ کرنے سے باز رہے۔ جیسے قرآن کہتا ہے.......... (الفرقان:73) ایسا ہی بے صبری کے ساتھ اسے اکثر جنگ کرنا پڑتا ہے۔ بے صبری سے مراد یہ ہے کہ اس کو راہ تقویٰ میں اس قدر دقتوں کا مقابلہ ہے کہ مشکل سے وہ منزل مقصود پر پہنچتا ہے، اس لئے بے صبر ہو جاتا ہے۔ مثلاً ایک کنواں پچاس ہاتھ تک کھودنا ہے۔ اگر دو چار ہاتھ کے بعد کھودنا چھوڑ دیا جائے، تو محض یہ ایک بدظنی ہے۔ اب تقویٰ کی شرط یہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ نے احکام دیئے، ان کو اخیر تک پہنچائے اور بے صبر نہ ہو جاوے۔

(ملفوظات جلد اول ص 14)

محترمہ سعیدہ شمس صاحبہ اہلیہ

حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب کی وفات

مکرم فلاح الدین شمس صاحب شکاگو امریکہ تحریر کرتے ہیں۔

احباب جماعت کو یہ افسوسناک خبر مل چکی ہوگی کہ خاکسار کی والدہ محترمہ سعیدہ شمس صاحبہ اہلیہ حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس خالد احمدیت قریباً 94 سال کی عمر میں 5 ستمبر 2007ء کو امریکہ میں وفات پا گئیں۔

ہماری والدہ محترمہ حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت خواجہ عبید اللہ صاحب مرحوم (ر) ایس۔ ڈی۔ او کی صاحبزادی تھیں۔ بہت صابر و شاکر اور صوم صلوٰۃ کی پابند اور موصیہ تھیں۔ جماعت کی خاطر بہت قربانیاں کرنے والی خاتون تھیں۔ آپ گزشتہ کئی سالوں سے اپنے دو چھوٹے بیٹوں مکرم بشیر الدین شمس صاحب اور مکرم ریاض الدین شمس صاحب کے پاس Hattiesburg مس سپی امریکہ میں مقیم تھیں اور یہیں آپ کی وفات ہوئی۔

تدفین کے بارہ میں یہی فیصلہ کیا گیا کہ چونکہ آپ کے سبھی بچے بچیاں بیرون پاکستان مقیم ہیں اس لئے شکاگو کے قبرستان میں جہاں جماعت نے جگہ حاصل کی ہوئی ہے۔ اور ہمارے بڑے بھائی مکرم ڈاکٹر صلاح الدین شمس صاحب بھی دفن ہیں کی جائے میت کو Hattiesburg سے روانہ کرنے سے قبل مکرم ظفر اللہ ہنجرا صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ پڑھائی جس میں مقامی احباب نے شرکت کی۔

7 ستمبر کو میت بذریعہ ہوائی جہاز شکاگو لائی گئی جہاں 8 ستمبر کو چیپل ہل گارڈن قبرستان میں جماعت کے قطعہ مقبرۃ الامان میں موصیان کے قطعہ میں تدفین سے قبل میرے بھائی مربی سلسلہ مکرم منیر الدین شمس صاحب ایڈیشنل وکیل التصنیف لندن نے نماز جنازہ پڑھائی اور تدفین کے بعد اجتماعی دعا کروائی۔ تدفین میں کثیر تعداد میں احباب جماعت نے شمولیت کی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ہماری والدہ محترمہ کی نماز جنازہ غائب بیت الفضل لندن میں 9 ستمبر 2007ء

(باقی صفحہ 12 پر)

مشعل راہ

زیادہ سے زیادہ تلاوت کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

رمضان رمض سے نکلا ہے جس کے معنے عربی زبان میں جلن اور سوزش کے ہیں۔ خواہ وہ جلن دھوپ کی ہو خواہ بیماری کی۔ اس لئے رمضان کا مطلب یہ ہوا کہ ایسا موسم جس میں سختی کے اوقات اور ایام ہوں۔ اور ادھر فرمایا۔ ہم نے اسے رات کو اتارا ہے۔ اور رات تاریکی اور مصیبت پر دلالت کرتی ہے۔ پس ان دونوں آیتوں میں یہ بتایا گیا ہے کہ الہام کا نزول تکالیف اور مصائب کے ایام میں ہوا کرتا ہے۔ جب تک کوئی قوم مصائب اور شدائد سے دوچار نہیں ہوتی۔ جب تک اس کے دن راتیں نہیں بن جاتے جب تک وہ بھوک اور پیاس کی شدت سے تکلیف نہیں اٹھاتی جب تک انسانی جسم اندر اور باہر سے مصیبت نہیں اٹھاتا اس وقت تک خداتعالیٰ کا کلام اس پر نازل نہیں ہوسکتا اور اس ماہ کے انتخاب میں اللہ تعالیٰ نے (۔) یہی بتایا ہے کہ اگر تم اپنے اوپر الہام الٰہی کا دروازہ کھولنا چاہتے ہو تو ضروری ہے کہ تکالیف اور مصائب میں سے گزرو اس کے بغیر الہام الٰہی کی نعمت تمہیں میسر نہیں آسکتی۔ پس رمضان کلام الٰہی کو یاد کرانے کا مہینہ ہے۔ اسی لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس مہینہ میں قرآن کریم کی تلاوت زیادہ کرنی چاہئے۔ اور اسی وجہ سے ہم بھی اس مہینہ میں درس قرآن کا انتظام کرتے ہیں۔ دوستوں کو چاہئے کہ اس مہینہ میں زیادہ سے زیادہ تلاوت کیا کریں اور قرآن کریم کے معانی پر غور کیا کریں تا کہ ان کے اندر قربانی کی روح پیدا ہو جس کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی۔ بہر حال یہ مہینہ بتاتا ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ دنیا فتح کرے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ غار حرا کی علیحدگیوں میں جائے۔ دنیا چھوڑے بغیر نہیں مل سکتی۔ پہلے اس سے علیحدگی اختیار کرنی ضروری ہوتی ہے اور پھر وہ قبضہ میں آتی ہے۔ مگر وہ قبضہ جسے الٰہی قبضہ وتصرف کہتے ہیں۔ ایک دنیوی قبضہ ہوتا ہے جیسے دجال کا ہے۔ اس کے ملنے کا بے شک یہی طریق ہے کہ اپنے آپ کو دنیا کے لئے وقف کر دیا جائے۔ لیکن جو شخص خداتعالیٰ کا ہو کر اس پر قبضہ کرنا چاہے وہ اسی صورت میں کر سکے گا جب اسے چھوڑ دے گا۔ دیکھو ابوجہل نے دنیا کے لئے کوشش کی اور اسے حاصل کیا مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوڑ دیا اور پھر بھی وہ آپ کو مل گئی۔ بلکہ ابوجہل سے زیادہ ملی۔ ابوجہل زیادہ سے زیادہ مکہ کا ایک رئیس تھا۔ مگر آپ اپنی زندگی میں ہی سارے عرب کے بادشاہ ہوگئے اور آج ساری دنیا کے شہنشاہ ہیں۔ غرض جو دنیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی وہ ابوجہل کو کہاں حاصل ہوئی۔ مگر ابوجہل کو جو کچھ حاصل ہوا دنیا کمانے سے ملا لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کچھ ملا وہ دنیا چھوڑنے سے ملا۔ پس روحانی جماعتوں کو دنیا چھوڑ دینے سے ملتی ہے اور دنیوی لوگوں کو دنیا کمانے سے ملتی ہے۔ اور رمضان ہمیں توجہ دلاتا ہے کہ اگر تم اپنے مقصد میں کامیاب ہونا چاہتے ہو تو ضروری ہے کہ پہلے شدائد اور مصائب قبول کرو۔ راتوں کی تاریکیاں قبول کرو۔ اور ان چیزوں سے مت گھبراؤ۔ کیونکہ یہی قربانیاں تمہاری کامیابی کا ذریعہ ہیں۔ (تفسیر کبیر جلد دوم ص 392)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

مکرم فرید احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ دفتر ایم ٹی اے ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی بیٹی عروسہ فرید کی تقریب آمین مورخہ 21 جولائی 2007ء کو بعد نماز مغرب دفاتر مجلس انصاراللہ پاکستان کے ہال میں منعقد ہوئی جس کی صدارت مکرم سید خالد احمد شاہ صاحب ناظر مال خرچ نے فرمائی۔ بچی سے محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ نے قرآن کریم میں سے بعض حصص سنے۔ بعدازاں صدر مجلس نے اختتامی دعائیہ کلمات کے بعد دعا کروائی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک اور صالحہ بنائے اور قرآن کریم کے فیوض وبرکات کو حقیقی رنگ میں اپنی زندگی میں جاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

فارماسسٹ کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال میں فارماسسٹ کی آسامی خالی ہے جو احباب وخواتین کوالیفائیڈ فارماسسٹ ہوں اور خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد اور تجربہ کے سرٹیفکیٹس ایڈمنسٹریٹر صاحب فضل عمر ہسپتال کے نام ارسال کریں۔ درخواستیں صدر/امیر جماعت کی سفارش کے ساتھ آنی چاہئیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ربوہ میں بجلی اور پانی کی بندش

ربوہ اور گردونواح کے علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش چند دنوں سے زیادہ ہوگئی ہے۔ دن کے اکثر حصہ میں بجلی غائب ہوتی ہے اس سے قبل بعض اوقات متعلقہ ادارے کی طرف سے بجلی کی بندش کا نوٹس جاری ہوتا تھا لیکن اب اس غیر اعلانیہ طویل لوڈ شیڈنگ کا یہ سلسلہ زیادہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے گھروں اور دفاتر وغیرہ میں مشکلات بڑھتی جا رہی ہیں۔

اسی طرح عوام میٹھے پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔ ربوہ میں پانی کی کمی تو پہلے ہی ہے لیکن اب گزشتہ کچھ دنوں سے ربوہ کے چند محلّہ جات میں آنے والا پانی بھی بند کر دیا گیا ہے۔ رمضان کے بابرکت دنوں میں اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کی عدم دستیابی عوام کو ہلکان کئے دے رہی ہے۔ عوام کی آواز کو متعلقہ اداروں کے عمائدین اہمیت دیں اور گرمی کے ایام میں بجلی اور پانی کے تسلسل کو یقینی بنائیں۔

ولادت

مکرم مسعود احمد صاحب ولد مکرم محمد انور صاحب مرحوم سیکرٹری اصلاح وارشاد باب الابواب شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 8 مارچ 2007ء کو خاکسار کی بیٹی مکرمہ عشرت جہاں صاحبہ اہلیہ مکرم رانا فیض الرحمٰن صاحب کو اللہ تعالیٰ نے پہلے بیٹے سے نوازا ہے نومولود کا نام رانا تقویٰ علی خان تجویز ہوا ہے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچے کو تحریک وقف نو میں قبول فرمایا ہے۔ نومولود مکرم رانا حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم پیر محل کا پوتا ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک صالح اور خادم دین بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم عبدالمنان صاحب سیکرٹری مال حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

ان کے ایک بزرگ مکرم محمد افضل صاحب خادم بیت الذکر سیالکوٹ کی ٹانگ کا فریکچر ماہ جون 2007ء میں ہوا تھا۔ پلستر ہونے کے بعد ٹانگ کے زخم خراب ہوگئے اب فاطمہ میموریل ہسپتال لاہور میں زیر علاج ہیں اور جمعرات کو آپریشن متوقع ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم مرزا اسلام اللہ بیگ صاحب سیکرٹری زراعت حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی اہلیہ محترمہ بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم ظفر اقبال بھٹی صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

مکرمہ رضوانہ نعمان صاحبہ مغلپورہ لاہور تحریر کرتی ہیں۔

مکرمہ فرحانہ راشد صاحبہ اہلیہ مکرم راشد اقبال صاحب کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 5۔ اگست 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام ابراہیم راشد تجویز کیا گیا ہے نومولود مکرم ظفر اقبال صاحب مرحوم سیالکوٹ کا پوتا ہے اور ننھیال کی طرف سے مکرم مرزا محمد احمد صاحب مرحوم لاہور کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خداتعالیٰ عزیزم کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے نیز نیک اور خادم دین بنائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطبات کی روشنی میں

رمضان المبارک کی اہمیت و برکات

روحانی تپش کا مہینہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:۔

’’اب میں حضرت اقدس مسیح موعود کی بعض تحریرات آپ کے سامنے رکھتا ہوں جن میں سے ایک ہے کہ ’’رمض تپش کو کہتے ہیں‘‘۔ یہ آپ کی تحریر ہے جس میں آپ فرماتے ہیں کہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ رمضان یعنی دو گرمیاں۔ رمضان، رمض یعنی گرمی کو کہتے ہیں یہ نام اسی لئے رکھا گیا کہ رمضان گرمی کے مہینے میں شروع ہوا تھا۔ حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں یہ غلط بات ہے۔ دو گرمیاں ایک اور مضمون اپنے اندر رکھتا ہے اور اس کا گرمی کے مہینے میں شروع ہونے سے کوئی تعلق نہیں۔ اس پر جب میں نے تحقیق کی کہ رمضان کب شروع ہوا تھا تو سردیاں بنتی تھیں۔ تو حضرت مسیح موعود کی بات مجھے یقین تھا کہ اسی طرح ثابت ہوگی۔ رمضان کا آغاز سردیوں میں ہوا ہے گرمیوں میں ہوا ہی نہیں۔

پس آپ فرماتے ہیں:

’’اس لئے روحانی اور جسمانی تپش مل کر رمضان ہوا‘‘۔ یعنی جسمانی طور پر انسان بھوک پیاس کی شدت برداشت کرتا ہے اور جدوجہد بہت کرتا ہے رمضان میں۔ یہ اس کے لئے ایک حرارت ہے۔ اور روحانی طور پر اس کی روح میں غیر معمولی طور پر گرمی پائی جاتی ہے اور بڑے جوش کے ساتھ اپنے رب کی طرف لپکتی ہے۔ پس یہ دو گرمیاں ہیں جو مل کر رمضان ہوا۔ ’’اہل لغت جو کہتے ہیں کہ گرمی کے مہینے میں آیا اس لئے رمضان کہلایا میرے نزدیک صحیح نہیں ہے کیونکہ عرب کے لئے یہ خصوصیت نہیں ہوسکتی۔ روحانی رمض سے مراد روحانی ذوق و شوق اور حرارت دینی ہوتی ہے۔ رمض اس حرارت کو بھی کہتے ہیں جس سے پتھر وغیرہ گرم ہو جاتے ہیں۔ اب ’’اس حرارت کو بھی کہتے ہیں جس سے پتھر وغیرہ گرم ہو جاتے ہیں‘‘، اس کا مطلب یہ ہے کہ سخت دلوں کو پگھلانے کے لئے رمضان کو ایک خاص مزاج عطا ہوا ہے۔ اور امر واقعہ یہی ہے کہ بہت سے سخت دل جو عام دنوں میں نرم نہیں ہوتے اور خدا تعالیٰ کے لئے اپنے آپ کو پگھلتا ہوا محسوس نہیں کرتے رمضان میں بعض ایسی راتیں آتی ہیں کہ بے اختیار ان کے دل خدا کے حضور سجدوں میں پگھل کر بہنے لگتے ہیں پس حضرت مسیح موعود کا یہ فقرہ ’’رمض اس حرارت کو بھی کہتے ہیں جس سے پتھر وغیرہ گرم ہو جاتے ہیں‘‘ یہ بے تعلق نہیں بلکہ حقیقتاً ہم نے اس کو ایسا ہی دیکھا ہے۔

اب حضرت مسیح موعود کے نسبتاً لمبے اقتباسات میں سے میں کچھ پڑھ کے سناتا ہوں۔

’’تیسری بات جو.................. کا رکن ہے وہ روزہ ہے۔ روزے کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے‘‘۔

(ملفوظات جلد نہم صفحہ 122-123)

مَن شھد (۔) یہ مضمون وہی ہے۔ رمضان کو جو دیکھے وہ اس میں روزہ رکھے۔ شَہِدَ کا مطلب ہے اپنی آنکھوں سے دیکھے اور حضرت مسیح موعود نے یہ تشریح فرمائی ہے جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔ پس تم میں سے وہی ہے جو رمضان کو دیکھتا ہے، جو رمضان کو دیکھتا ان معنوں میں ہے کہ اس میں داخل ہو کر اپنی آنکھوں سے گواہی دے سکے، اپنے دل سے گواہی دے سکے یہ تو میرا ایسا ملک ہے جس میں جا چکا ہوں اور اس کے حالات کو جانتا ہوں۔

روزہ سے تزکیہ نفس ہوتا ہے

’’روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربے سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں‘‘۔

پس رمضان کے مہینے میں کھانے میں زیادتی رمضان کا حق ادا نہیں کرتی بلکہ رفتہ رفتہ کھانے میں کمی رمضان کا حق ادا کرتی ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ لوگ شروع میں تو بھوک نہیں لگتی اس وقت میں اسلئے نسبتاً کم کھاتے ہیں اور جوں جوں رمضان آگے بڑھتا جاتا ہے وہ زیادہ کھانے لگتے ہیں یہاں تک کہ آخری دنوں میں تو رمضان ان کو پتلا کرنے کی بجائے موٹا کر جاتا ہے۔ یہ جسم کی فربہی دراصل نفس کی فربہی بھی ہوسکتی ہے۔ اس لئے عام طور پر بھولے پن میں، لاعلمی میں لوگ ایسا کرتے ہیں مگر ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں ’’تزکیہ نفس ہوتا ہے‘‘ جو کم کھانے سے زیادہ ہوتا ہے۔ پس جتنا آپ کم کھانے کی طرف متوجہ ہوں گے اتنا ہی رمضان آپ کے لئے فائدہ بخش ہوگا۔

روزے سے کشفی قوتیں بڑھتی ہیں

’’اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں‘‘ یعنی خدا تعالیٰ کو انسان مختلف صورتوں اور صفات میں دکھائی دینے لگتا ہے۔ یہ کشفی قوتوں کا لفظ بہت بامعنیٰ تو ہے ہی مگر بہت اہمیت رکھتا ہے۔ بعض لوگوں کو ویسے ہی دماغ کی خرابی سے یہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ وہ کشف دیکھ رہے ہیں یا نیند کے غلبے کی وجہ سے ان کو کچھ سمجھ نہیں آتی اور اپنے خیالات کو ہی کشف بنا لیتے ہیں۔ رمضان میں کشوف کا جو کم کھانے سے تعلق ہے یہ بالکل اور چیز ہے۔ اس کا نفسانی خواہشات اور اپنے دل کے خیالات سے کوئی بھی تعلق نہیں اور مضمون بتاتا ہے کہ وہ کشف حقیقی خدا تعالیٰ کی طرف سے تھا یا دل کا وہم تھا۔ دل کے توہمات میں ربط کوئی نہیں ہوتا، دل کے توہمات میں ایسی سچائی اور پاکیزگی نہیں ہوتی جو انسان کو گناہوں سے دور پھینک دے۔ پس کشف کا احساس کافی نہیں، کشف کا مضمون ضروری ہے کہ کشف میں وہ مضمون ہو جو تقویٰ کا مضمون ہے۔ اگر تقویٰ کا مضمون ہے تو انسان کو یہ کہنے کی ضرورت بھی نہیں کہ میں نے کشف دیکھا ہے۔ اگر تقویٰ کا مضمون ہوگا تو کشف دیکھنے والا اپنے کشف کو چھپا لے گا اور اس کے تذکرے نہیں کرے گا۔ پس رمضان میں یہ ساری شرطیں اکٹھی پائی جاتی ہیں۔

حضرت مسیح موعود کے بعض الفاظ کو غلط معنے پہنا کر آپ میں سے کئی گمراہ بھی ہوسکتے ہیں۔ یہ خیال کر کے کہ ہم بڑے صاحب کشف بن گئے رمضان میں، لوگوں سے تذکرے شروع کر دیں کہ یوں مجھے ہلکا سا جھونکا آیا میں نے کشف میں یہ دیکھ لیا۔ یہ ساری باتیں بتانے کا جتنا شوق ہوگا اتنا ہی آپ کا کشف جھوٹا ہوگا۔ لیکن سچے کشوف میں بعض دفعہ دوستوں اور عزیزوں کے متعلق خبر دی جاتی ہے اور وہ خبریں ایسی ہوتی ہیں جو سچی نکلتی ہیں۔ پس ان خبروں کا تذکرہ کرنا تقویٰ کے خلاف نہیں اور ان کشوف کو جھوٹا قرار نہیں دیتا۔

’’پس خدا تعالیٰ کا منشاء اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزے دار کو یہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تا کہ تَبَتُّل اور اِنقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کی تسلی اور سیری کا باعث ہے۔ اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جائے‘‘۔

(ملفوظات جلد نہم صفحہ 123,122)

روزے اور نماز کی عبادت میں فرق

پھر روزے اور نماز کی عبادتوں میں ایک فرق بیان فرمایا ہے۔

’’روزہ اور نماز ہر دو عبادتیں ہیں۔ روزے کا زور جسم پر ہے اور نماز کا زور روح پر ہے۔ نماز سے ایک سوز و گداز پیدا ہوتا ہے اس واسطے وہ افضل ہے۔ روزے سے کشوف پیدا ہوتے ہیں مگر یہ کیفیت بعض دفعہ جوگیوں میں پیدا ہوسکتی ہے۔‘‘

یہ وہی بات ہے جس کا میں پہلے ذکر کر چکا ہوں۔ کشوف تو ہوتے ہیں مگر کشوف میں ایک نفس کا دھوکہ بھی شامل ہو جاتا ہے۔ جوگی بھی جو ریاضتیں کرتے ہیں وہ کشوف دیکھتے ہیں لیکن ان کشوف کا بنی نوع انسان کی بھلائی اور نیکی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ وہ عجیب و غریب کشوف ہیں جن کے تفصیلی تذکرے کی یہاں ضرورت نہیں مگر جوگیوں نے کبھی دنیا میں پاکیزگی نہیں پھیلائی۔ کبھی دنیا میں کسی مذہب کے جوگیوں نے بنی نوع انسان کی روحانی حالت تبدیل نہیں کی۔ پس حضرت مسیح موعود متوجہ فرما رہے ہیں کہ روزے کے کشوف میں بعض دفعہ جوگیوں والی کیفیت بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن روحانی گدازش جو دعاؤں سے پیدا ہوتی ہے اس میں شامل نہیں۔

روزے کا مقصد۔ نماز

اب یہ دیکھیں کہ نماز کو روزے سے افضل قرار دیا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ روزہ سب سے افضل ہے۔ روزے کی جزاء اللہ ہے۔ اس میں غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ روزہ بمقابل نماز نہیں ہے بلکہ روزے کا مقصد نماز ہے اور نمازوں کی حالت کو درست کرنا ہے۔ پس اگر روزے میں نمازیں نہ سنوریں تو روزہ بے کار ہے۔ اگر روزے میں نمازیں سنور جائیں تو روزہ نماز کا معراج اور نمازیں روزے کا معراج بن جاتی ہیں۔ پس اس میں تفریق نہ کریں ورنہ مضمون بالکل بگڑ جائے گا۔ حقیقت میں روزے کے دوران جتنی نمازیں سنوریں گی اتنا ہی روزے کا آپ پھل پائیں گے اور اس حد تک سنور جانی چاہئیں کہ گویا آپ کو خدا نظر آ گیا اور گویا اللہ آپ کو دیکھنے لگا۔ یہ صورتیں ہیں جو درحقیقت روزے کی افضلیت میں پیش نظر رہنی چاہئیں۔

دین کے پانچ مجاہدات

حضرت مسیح موعود ملفوظات جلد دوم جدید ایڈیشن صفحہ 433 پر فرماتے ہیں:

''خدا تعالیٰ نے دین میں پانچ مجاہدات مقرر فرمائے ہیں۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ وصدقات، حج اور (۔) دشمن کا ردّ اور دفع خواہ وہ سیفی ہو خواہ قلمی ہو''۔

یہ پانچ مجاہدات ہیں جو (۔) پر فرض ہیں۔ پہلی نماز پھر روزہ پھر زکوٰۃ وصدقات اس کے ذیل میں آتے ہیں۔ چوتھا حج اور پانچواں جہاد خواہ وہ سیفی ہو خواہ وہ قلمی ہو۔

فرمایا: ''یہ پانچ مجاہدے قرآن شریف سے ثابت ہیں (۔) کو چاہئے کہ ان میں کوشش کریں اور ان کی پابندی کریں۔ یہ روزے تو سال میں ایک ماہ کے ہیں۔ بعض اہل اللہ تو نوافل کے طور پر اکثر روزے رکھتے ہیں اور ان میں مجاہدہ کرتے ہیں۔ ہاں دائمی روزے رکھنا منع ہیں۔ یعنی ایسا نہیں چاہئے کہ آدمی ہمیشہ روزے ہی رکھتا رہے بلکہ ایسا کرنا چاہئے کہ نفلی روزے کبھی رکھے اور کبھی چھوڑ دے''۔

اب رمضان کے آنے پر کتنے دل خوش ہوتے ہیں اور کتنے دل غمگین ہوتے ہیں یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں ہر انسان جو اپنا جائزہ لے گا اس کو محسوس ہوگا کہ رمضان کے آنے پر ویسی خوشی نہیں ہوتی شروع میں جیسی کہ رمضان کے آنے کا حق ہے بلکہ لوگ گھبراتے ہیں اور ڈرتے ہیں۔ پس اس عبارت کو سننے کے بعد یہ خیال نہ کریں کہ وہ منافقین ہیں۔ امر واقعہ یہ ہے کہ بوجھ اٹھانے سے پہلے دل میں خوف ضرور پیدا ہوتا ہے اور انسان رمضان میں داخل ہونے سے پہلے ڈرتا ہے کہ میں اس کے تقاضے پورے کرسکوں گا یا نہیں کرسکوں گا۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کے تقاضے آسان فرما دیتا ہے۔ اس لئے جب میں یہ عبارت پڑھوں گا تو بعض لوگ ڈر کے یہ نہ سمجھیں کہ ان کی حالت منافقانہ ہے نعوذ باللہ من ذلک۔ کیونکہ عام دستور ہے کہ ہمیشہ رمضان کی ذمہ داریوں کا خوف، رمضان کی آمد کے وقت شروع ہو جاتا ہے اور انسان شروع میں کچھ گھبراتا ہے کہ دیکھوں مجھ پر کیا گزرے گی۔ لیکن اللہ تعالیٰ سچے بندوں کے لئے رمضان کو آسان فرما دیتا ہے اور پھر بشاشت کے ساتھ انسان رمضان میں سے گزر جاتا ہے۔ اس تمہید کے بعد میں آپ کے سامنے پڑھتا ہوں۔

روزہ رکھنے کی تڑپ

''وہ شخص جس کا دل اس بات سے خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور میں اس کا منتظر تھا کہ آوے اور روزے رکھوں اور پھر وہ بوجہ بیماری کے روزہ نہیں رکھ سکا تو آسمان پر روزے سے محروم نہیں ہے''۔

جو شخص اس بات پر خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور میں اس کا منتظر تھا اگر بیماری اس کے راستے میں حائل ہو جائے وہ روزہ نہ رکھ سکے تو آسمان پر روزے سے محروم نہیں ہے۔

''لیکن اس دنیا میں بہت لوگ بہانہ جُو ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ ہم جس طرح اہلِ دنیا کو دھوکہ دے لیتے ہیں ویسے ہی خدا کو فریب دیتے ہیں۔ بہانہ جُو اپنے وجود سے آپ مسئلہ تراش کرتے ہیں اور تکلفات شامل کرکے ان مسائل کو صحیح گردانتے ہیں''۔

اب جو حقیقی بہانہ جُو ہیں جن کا دل سچ مچ رمضان کی آمد سے خوش نہیں ہوتا ان میں اور سچے مومنوں میں جو دل سے رمضان کو برا نہیں جانتے اس کے فیوض سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں یہ نمایاں فرق ہے کہ سچے لوگ جب رمضان میں داخل ہوتے ہیں تو ان کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ جس طرح بھی بَن پڑے وہ روزہ رکھیں اور بیماریوں کے بہانے ان کی راہ میں حائل نہ ہوں۔ اور جو بہانہ جُو لوگ ہیں جو رمضان کی آمد سے خوش نہیں ہوتے ان کے نفس کے بہانے تیزی دکھانے لگتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ مجھے جب میں روزہ رکھوں تو چھینکیں شروع ہو جاتی ہیں۔ کوئی سمجھتا ہے کہ اس کے پیٹ میں خرابی ہو جاتی ہے، کسی کو سر درد ہو جاتی ہے، کسی کو اور بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔ غرضیکہ وہ روزمرہ کی بیماریاں جو اس کو لاحق ہوتی ہی رہتی ہیں وہ رمضان کے سر جَڑتا ہے اور کہتا ہے کہ اب تو مَیں خدا کا حکم مانوں گا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو روزہ نہیں رکھ سکتا بیماریوں کی وجہ سے وہ نہ رکھے تو کون ہے مجھے حکم دینے والا میں تو خدا کا حکم مانوں گا۔ لیکن جب ان کا باقی سال آپ دیکھیں گے تو اس میں بھی نہیں رکھتے۔ ایسے لوگ زندگی بھر محروم رہتے ہیں ورنہ کم سے کم باقی وقت تو رکھیں۔ جو واقعۃً سچے عذر کی وجہ سے رکتے ہیں، اللہ کی خاطر رکتے ہیں وہ باقی سال میں ضرور رکھتے ہیں اور یہ لوگ اپنی عمر گنوا دیتے ہیں۔

پس حضرت مسیح موعود کی ان تحریرات کو غور سے پڑھیں تو ہمارے لئے بہت سے باریک مسائل کو آپ کھولتے چلے جاتے ہیں۔

''لیکن جو صدق اور اخلاص رکھتا ہے اس کا کیا حال ہے۔ خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ اس کے دل میں درد ہے اور خدا تعالیٰ اسے ثواب سے بھی زیادہ دیتا ہے کیونکہ درد دل ایک قابل قدر شے ہے''۔

پس روزے سے محرومی کے نتیجے میں اگر درد دل ہو تو ایک بہت ہی اعلیٰ نشان ہے اس بات کا کہ واقعۃً تمہاری روزوں سے محرومی تمہیں ثواب سے محروم نہیں رکھے گی۔ بلکہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ بعض دفعہ ایسے درد دل والے کو عام روزہ رکھنے والے کے ثواب سے بھی زیادہ ثواب ملتا ہے۔

.... جبکہ حیلہ جُو انسان تاویلوں پر تکیہ کرتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک یہ تکیہ کوئی شے نہیں''۔

''جو شخص کہ روزہ سے محروم رہتا ہے مگر اس کے دل میں نیت دردِ دل سے تھی کہ کاش میں تندرست ہوتا اور روزہ رکھتا اور اس کا دل اس بات کے لئے گریاں ہے تو فرشتے اس کے لئے روزہ رکھیں گے بشرطیکہ وہ بہانہ جُو نہ ہو تو خدا تعالیٰ اسے ہرگز ثواب سے محروم نہیں رکھے گا''۔

روزوں میں حائل بیماریوں سے بچنے کے لئے دعا

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:

حضرت مسیح موعود آخر پر جس دعا کی طرف توجہ دلاتے ہیں، مَیں یہ دعا پڑھ کر اس خطبے کو ختم کروں گا۔ آپ فرماتے ہیں:

''پس میرے نزدیک خوب ہے کہ انسان دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں۔ اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ، یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کرسکوں یا نہ اور اس سے توفیق طلب کرے۔ مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا''۔

اس لئے روزوں میں حائل ہونے والی بیماریوں کا علاج بھی یہ دعا ہے جو اس مہینے میں کثرت سے کرنی چاہئے۔

پھر حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو دوسری امتوں کی طرح اس امت میں کوئی قید نہ رکھتا۔ مگر اس نے قیدیں بھلائی کے واسطے رکھی ہیں۔ میرے نزدیک اصل یہی ہے کہ جب انسان صدق اور کمال اخلاص سے باری تعالیٰ میں عرض کرتا ہے کہ اس مہینہ سے مجھے محروم نہ رکھے تو خدا تعالیٰ اسے محروم نہیں رکھتا اور ایسی حالت میں اگر انسان ماہ رمضان میں بیمار ہو جائے تو یہ بیماری اس کے حق میں رحمت ہوتی ہے کیونکہ ہر ایک عمل کا مدار نیت پر ہے۔ مومن کو چاہئے کہ وہ اپنے وجود سے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی راہ میں دلاور (بہادر) ثابت کردے''۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 16/جنوری 1998ء۔ مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل 6/مارچ 1998ء)

(روزنامہ الفضل 4 جنوری 1999ء)

پیاز قدیم ترین سبزی ہے

پیاز کا شمار کرہ ارض کی قدیم ترین سبزیوں میں ہوتا ہے، جس کی تاریخ ہزاروں سالوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ فلسطین میں پانچ ہزار سال قبل مسیح کے آثار قدیمہ میں کھجوروں اور انجیر کے آثار کے ساتھ پیاز کے آثار بھی دریافت ہوئے ہیں تاہم وسیع پیمانے پر اس کی کاشت کا ثبوت دو ہزار سال قبل مسیح مصر میں ملتا ہے۔ اس وقت مصر میں پیاز کی طرح کا ایک پودا اور لہسن بھی کاشت ہوتا تھا۔ مورخین کے بقول مصر میں اہرام مصر کی تعمیر کرنے والے علاقوں کی خوراک کا بڑا حصہ پیاز پر مشتمل تھا۔ شاید اس کی وجہ یہ تھی کہ ایک تو پیاز آسانی سے اگتی ہے دوسرا اس میں زبردست غذائی فوائد پائے جاتے ہیں اور اس اعتبار سے جفاکش علاقوں کے لئے یہ ایک بہترین غذا تھی۔ بعض روایات کے مطابق قدیم مصری باشندے پیاز کی پرستش بھی کرتے تھے۔ ایک تو وہ اس کی بیضوی شکل سے متاثر تھے دوسرا اس کی باریک تہوں کے بارے میں ان کا خیال تھا کہ یہ زندگی کی علامت ہیں۔ پیاز کو مصریوں کی ممیوں کے ساتھ تہہ خانوں میں دفن کیا جاتا تھا۔ بعض ممیوں کی آنکھوں کی پتلیوں میں پیاز کے آثار پائے گئے۔ ان کا خیال تھا کہ پیاز کی مخصوص بو انہیں دوبارہ سانس لینے کے قابل بنا دے گی۔

مصر کے بعد پیاز نے یونان کو اپنا گھر بنا لیا جہاں کھلاڑی خون کی گردش کو اعتدال پر رکھنے کے لئے اسے استعمال کرتے تھے۔ روم میں اکھاڑے میں اترنے والے گلیڈی ایٹر انہیں جسم پر رگڑتے تھے تاکہ ان کے پٹھے مضبوط ہوسکیں۔ ازمنہ وسطیٰ میں پیاز تقریباً تمام مملکوں میں دستیاب تھی اور خوراک کے طور پر اس کی اہمیت اور وقعت اتنی زیادہ تھی کہ اسے کرنسی کے طور پر بالخصوص کرایوں کی ادائیگی کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔ لوگ اسے تحفے کے طور پر بھی ایک دوسرے کو دیتے تھے۔ طبیب اور معالجین پیاز کو اکثر سر درد، سانپ کے کاٹے اور گنجے پن کے علاج کے لئے تجویز کرتے۔ شمالی امریکہ میں کولمبس نے 1493ء میں پیاز کو متعارف کرایا۔'' انسائیکلو پیڈیا کے مطابق پیاز دنیا بھر میں غریبوں کے لئے ایک سستی سبزی کے طور پر مستعمل ہے۔ بالخصوص برصغیر میں یہ خوراک کا اہم ترین جزو ہے جس کے بغیر کوئی پکوان مکمل نہیں ہوتا۔

اگر آپ خواتین خانہ اور باورچیوں سے پوچھیں کہ وہ سالن ہانڈی یا دیگ میں پیاز کیوں ڈالتے ہیں تو وہ آپ کو بتائیں گے کہ اس سے گریوی بنتی ہے اور یہ گوشت کی خاص قسم کی بساند کو ختم کرتی ہے۔ اس سے سالن کا ذائقہ بھی مزیدار ہو جاتا ہے۔ پیاز میں پایا جانے والا ایک مخصوص کیمیکل جراثیم کش ہے۔ سب سے بڑی بات یہ کہ ایشیا بالخصوص، برصغیر کے لوگوں میں پیاز کا ایک مخصوص ذائقہ بن چکا ہے ورنہ یورپ امریکہ کے پکوانوں میں یہ اتنا زیادہ استعمال نہیں ہوتی۔ ماہر غذائیات سے پوچھیں تو وہ پیاز کے رنگ ڈھنگ کچھ اور بتائیں گے۔ مثلاً یہ کہ پیاز میں پروٹین، شوگر، منرلز اور روغنیات کے علاوہ 80 فی صد پانی پایا جاتا ہے۔ پیاز کے پانی میں جراثیم کش عناصر بھی پائے جاتے ہیں اور اس کے طبی خواص کی ایک دنیا معترف ہے۔ مثلاً یہ پیشاب آور ہے اور بلغم خارج کرتی ہے۔ اکثر معالج اسے چھرے کیلوں، کیڑے اور سانپ کے کاٹے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ بھوک لگاتی ہے اور سانس کے امراض کے لئے مفید ہے۔ حکماء کا کہنا ہے کہ اگر کسی علاقے کی بیماریوں سے محفوظ رہنا ہو تو اس علاقے کی پیاز کھانی چاہئے۔

☆☆☆

ماخوذ

درخت نہیں تو زندگی نہیں

انسان اور درخت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ دیہات میں کسان زرعی اراضی کے کناروں پر درخت لگاتے ہیں۔ درخت کسان کو محنت کے بعد آرام کے لئے سایہ مہیا کرتے ہیں۔ انسان کو آکسیجن فراہم کرتے ہیں۔ اس کے لئے جلانے کی لکڑی اور عمارتی لکڑی بھی مہیا کرتے ہیں لیکن اب درخت لگانے کا رجحان کم ہوتا جا رہا ہے۔ ہم نئے درخت لگانے کی بجائے پرانے درخت بھی کاٹ رہے ہیں۔

درختوں کا بحران

پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں درختوں کا بہت بڑا ذخیرہ موجود تھا مگر اب وہ بھی آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے۔ درختوں کی ناجائز کٹائی اور مزید عدم کاشت نے درختوں کا بحران پیدا کر دیا ہے۔ کبھی مری کی پہاڑیاں درختوں سے اٹی ہوئی تھیں مگر اب اکثر چوٹیاں درختوں سے خالی نظر آتی ہیں۔ محکمہ جنگلات ہر سال کروڑوں پودے اور قلمیں لگاتا ہے مگر بعد میں ان کی دیکھ بھال نہیں کی جاتی۔ محکمہ جنگلات پہاڑی علاقوں کے علاوہ میدانی علاقوں اور شہروں میں بھی درخت لگاتا ہے مگر پانی کی کمی اور حفاظت کے عدم انتظام کے سبب اکثر و بیشتر درخت ضائع ہو جاتے ہیں۔ دیہات میں اکثر پودے بھیڑ بکریاں یا دوسرے جانور کھا جاتے ہیں۔ بعض نادان لوگ پودوں کو ویسے ہی جڑوں سے اکھاڑ پھینکتے ہیں۔

دیگر ممالک میں درختوں کی افزائش

چین میں ہر سال گھروں کے اندر بھی ہر فرد کم از کم ایک پودا ضرور لگاتا ہے۔ پھر سارا سال اس کی پرداخت کی جاتی ہے۔ ویسے بھی چین کا اکثر رقبہ جنگلات سے بھرا پڑا ہے۔ اسی طرح امریکہ، یورپ اور کینیڈا ابھی قدرتی جنگلات سے اٹے ہوئے ہیں اس کے باوجود خالی جگہوں پر اور سڑکوں کے کناروں پر مزید درخت لگائے جاتے ہیں۔ وہاں کی آب و ہوا درختوں کے لئے سازگار ہونے کی وجہ سے پودوں کی حفاظت نہیں کرنا پڑتی نہ ہی انہیں پانی دینے کی ضرورت ہوتی ہے بلکہ وہ قدرتی ماحول میں پروان چڑھتے ہیں۔ بارشوں کی کثرت دیکھتے دیکھتے انہیں تن آور درختوں کی صورت میں ڈھال دیتی ہے۔

مجموعی جنگلات کی کمی

اس سب کے باوجود دنیا میں مجموعی لحاظ سے جنگلات کم سے کم تر ہوتے جا رہے ہیں مختلف ضروریات کے لئے جنگلات کا بے تحاشا صفایا کیا جا رہا ہے۔ نت نئی کالونیاں اور سڑکیں بنانے کے لئے بے تحاشا درخت کاٹے جا رہے ہیں یہی وجہ ہے دنیا بھر میں آب و ہوا کا توازن بگڑتا جا رہا ہے۔ یہ واضح ہے کہ جنگلات بارشوں کے ضمن میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ گھنے جنگلات کثرت سے بارشوں کا سبب بنتے ہیں۔ ایسے خطے جہاں جنگلات کی بے تحاشا کٹائی ہوتی ہے وہاں بارشوں کا نظام بری طرح متاثر ہوتا ہے بارشیں بہت کم ہو گئی ہیں جس سے موسموں میں تبدیلی واقع ہو رہی ہے، گرمی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ان خطوں کے سمندر بھی گرم ہو کر سیلاب کا باعث بن رہے ہیں۔ جنگلات کی کٹائی کی وجہ سے پہاڑوں کی زرخیز مٹی دریاؤں کے ذریعے سمندر میں پہنچ رہی ہے اور پہاڑ کھسک کر وہاں موجود آبادیوں کے لئے خطرے کا سگنل بن رہے ہیں۔ گلوبل وارمنگ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ افریقہ کے بعض ممالک جو کسی وقت جنگلات سے پر تھے اب وہاں مکمل صفایا ہو چکا ہے۔ جس سے ان ممالک میں بارشوں کا سلسلہ بند ہو گیا ہے اور ہر چیز خشک ہو چکی ہے وہاں بسنے والے لوگ دوسرے ممالک کو ہجرت کے لئے مجبور ہو گئے ہیں۔

پوری دنیا میں آب و ہوا کا توازن بگڑنے کی وجہ سے بارشوں کا قدرتی نظام بھی درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔ شدید بارشوں والے خطے بارشوں سے محروم ہو رہے ہیں اور ہاں بارشیں بہت کم ہوا کرتی تھیں وہاں اچانک اور شدید بارشوں کے سبب سیلاب آ رہے ہیں۔ امریکہ کی بعض ریاستیں ہر سال سیلاب سے شدید متاثر ہوتی ہیں۔ ایسے علاقے جہاں کبھی سیلاب نہیں آیا تھا وہ بھی سیلاب کی لپیٹ میں آ رہے ہیں۔

کسی وقت پورا کرہ ارض گھنے جنگلات سے ڈھکا ہوا تھا انسان نے اپنی رہائش اور فائدے کی خاطر درختوں کو کاٹنا شروع کر دیا۔ یہ سلسلہ ہزاروں سالوں سے جاری و ساری ہے۔ جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے آبادیوں، سڑکوں، چراگاہوں اور زرعی مقاصد کے لئے اراضی خالی کرنے کے لئے جنگلات کاٹے گئے جس کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

زراعت کے لئے کٹائی

زراعت کے لئے جنگلات کی بے تحاشا صفائی کی گئی، گھنے جنگلات آگ لگا کر کروڑوں درخت جلا دیئے گئے۔ جتنی زرعی اراضی کی ضرورت تھی اس سے کئی گنا رقبوں میں جنگلات کو تلف کر دیا گیا اس سے جنگلات میں آباد وائلڈ لائف بھی مکمل طور پر تباہ کر دی گئی۔ بعض اوقات کسانوں کو اس طرح حاصل کردہ اراضی سے اچھی فصل نہ مل سکی تو جنگلات کے دوسرے حصوں میں نقل مکانی کرتے اور بے تحاشا تباہ و برباد کرنا شروع کر دیتے اس طرح جنگلات کا وسیع پیمانے پر صفایا ہونا شروع ہو گیا۔

کٹائی کا نظام

جس حساب سے ٹراپیکل فارسٹس کی کٹائی جاری و ساری ہے ماہرین کے مطابق 2090ء تک یہ علاقے مکمل طور پر درختوں سے خالی ہو جائیں گے اور چٹیل میدان بن جائیں گے۔ ایتھوپیا، نائیجریا، برازیل، انڈونیشیا، امریکہ اور بہت سے دوسرے ممالک اس مسئلے سے زیادہ دوچار ہیں اور جنگلات آہستہ آہستہ ختم ہو رہے ہیں۔ جنوبی امریکہ میں ایمزن کا طاس درختوں کی کٹائی میں سب سے آگے ہے۔

ٹراپیکل فارسٹس میں دنیا میں موجودہ درختوں کی 80 سے 90 فیصد اقسام (Species) پائی جاتی ہیں جو آہستہ آہستہ معدوم ہو رہی ہیں اور ایک وقت ایسا بھی آ سکتا ہے کہ ان میں سے اکثر صفحہ ہستی سے بالکل نابود ہو جائیں۔

ناپید ہونے کی وجوہات

جنگلات کے ناپید ہونے کی اس کے علاوہ بھی بہت سی وجوہات ہیں۔ مختلف خطوں اور علاقوں میں الگ الگ قسم کی وجوہات ہیں ایک وجہ یہ ہے کہ آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے اس آبادی کو بسانے کے لئے درختوں کی کٹائی کی جاتی ہے اس کے ساتھ زرعی اراضی چراگاہوں وغیرہ کی تیاری کے لئے بھی ایسا کیا جاتا ہے۔ اسی طرح بڑی بڑی فیکٹریاں اور کارخانے قائم کرنے کے لئے بھی بڑی وسیع اراضی کی ضرورت ہوتی ہے جس کی خاطر جنگلات کی بے تحاشا کٹائی کی جاتی ہے۔ مکانات، ''فیکٹریوں''، ''ڈیمز'' بیراجز سکیموں کے لئے بھی لکڑی کے حصول کی ضرورت کے پیش نظر جنگلات کاٹے جاتے ہیں۔

نقصانات

درختوں کی کٹائی کا سب سے بڑا نقصان حیاتیاتی ضیاع ہے۔ ٹراپیکل فارسٹس دنیا کے چھ سے لے کر 7 فیصد رقبہ پر موجود ہیں مگر 70 سے لے کر 80 فیصد تک مختلف انواع کے درختوں کا ذخیرہ ہے ان جنگلات کے کاٹنے سے کتنی انواع کا خاتمہ ہو سکتا ہے اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

درختوں کی بے تحاشا کٹائی فضائی آلودگی میں بے پناہ اضافہ کرتی ہے اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ درخت فضا میں موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کر لیتے ہیں اگر درخت معدوم ہو جائیں گے تو ظاہر ہے کہ فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی افراط ہو جائے گی جو انسانی صحت کے لئے بے حد خطرناک ہے اس کے نتیجے میں گلوبل وارمنگ لازمی ہے خطوں کی آب و ہوا بھی تبدیل ہو کر رہ جائے گی۔ موسم بالکل بدل جائیں گے بلکہ الٹ سکتے ہیں۔ جنگلات کی کٹائی کے نتیجے میں بارشوں کا پانی اپنے ساتھ بے تحاشا زرخیز مٹی دریاؤں میں لے جائے گا کیونکہ درخت پہاڑوں کی زمین کو گرنے اور بہہ جانے سے بچاتے ہیں اس طرح دریاؤں کی سطح اونچی ہو جائے گی دریاؤں کا پانی آبادیوں اور شہروں میں داخل ہو جائے گا اور ایک شدید سیلاب کی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ جھیلوں میں دریاؤں کے ذریعے آنے والی پہاڑوں کی مٹی بے تحاشا جمع ہو کر جھیلیں اور ڈیمز مٹی سے بھر جائیں گے اور ناکارہ ہو کر رہ جائیں گے اس کا کوئی علاج بھی ممکن نہیں کیونکہ جھیلوں اور ڈیموں میں اتنی بڑی مقدار میں جمع شدہ مٹی اور گار کو نکالنا ناممکنات میں سے ہے۔

چین بالکل ایسی ہی صورت حال سے دوچار ہے جنگلات کی بے تحاشا کٹائی کے سبب نشیبی علاقوں میں بہہ کر آنے والی گار اور مٹی نے دریاؤں ''جھیلوں اور ڈیموں کی حالت ناگفتہ بنا دی ہے اور اس طرح سطح اراضی تبدیل ہو کر رہ گئی ہے۔ چین میں دریا مٹی سے بھر جانے کی وجہ سے بہنے والے پانی کو سہارا نہیں دے سکتے اور پانی راستے میں آنے والی آبادیوں کو بہا کر لے جا رہا ہے کیونکہ دریاؤں میں پانی کی گنجائش نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے۔

ہمارے ہاں بھی ایسا ہی ہو رہا ہے جنگلات کی بے تحاشا کٹائی کے سبب پہاڑوں کی مٹی کثیر مقدار میں تربیلا اور منگلا ڈیم کی جھیلوں میں جمع ہو رہی ہے، جس سے پانی کی گنجائش میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ چنانچہ منگلا جھیل کے کناروں کو اونچا کرنے کا منصوبہ بنایا جا رہا ہے۔ جس کے نتیجے میں جھیل کے گرد و نواح میں موجود بے شمار دیہات زیر آب آ جائیں گے دیہات کو خالی کرا کے وہاں کے باسیوں کو کہیں اور جگہ الاٹ کی جائے گی جس سے اربوں روپے کے اخراجات اٹھیں گے کیونکہ لوگوں کی بحالی، مکانات کی تعمیر وغیرہ کے لئے بھی حکومت کو زر کثیر صرف کرنا ہو گا۔

پاکستان میں کٹائی

پاکستان میں جنگلات کی بے تحاشا کٹائی سے ملک کے موسم بھی تبدیل ہو گئے ہیں کبھی جولائی اور دسمبر میں بارشیں ہوا کرتی تھیں اور جھڑیاں لگتی تھیں مگر اب صورتحال تبدیل ہو گئی ہے۔

بارشیں بے موسمی ہوتی جا رہی ہیں اور بعض اوقات طویل خشک سالی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے زیر زمین پینے کے لئے استعمال ہونے والے پانی کی سطح مزید نیچے گرتی جا رہی ہے۔ پانی زمین سے نکالنے کے لئے مزید ساٹھ فٹ تک نیچے بور کرنا پڑتا ہے۔ اگر یہی صورتحال رہتی ہے تو زیر زمین پانی اتنا نیچے چلا جائے گا کہ اسے باہر نکالنا محال بلکہ ناممکن ہو جائے گا۔ یہ واضح ہے کہ اس صورت حال کے ہم خود ذمہ دار ہیں ہم چند پیسوں کے لالچ میں اپنی قیمتی متاع جنگلات کا صفایا کر رہے ہیں اور اس بات پر تلے ہوئے ہیں کہ سرزمین کو اس طرح کا بنا کر چھوڑیں گے کہ نوع انسانی کے رہنے کے قابل

باقی صفحہ 6 پر

صفدر نذیر گولیکی صاحب

رسالہ الوصیت میں بیان کردہ

''موصی'' کی صفات اور خصائل

حضرت مسیح موعود نے رسالہ الوصیت تحریر فرما کر ایک پورے نظام نو کی بنیاد رکھ دی جو تا قیامت جاری رہے گا 35 صفحات پر مشتمل رسالہ اپنے اندر مختلف انواع کی تعلیم پر مشتمل ہے۔ جو نظام نو میں شامل ہونے والے افراد کے کردار سے تعلق رکھتی ہے۔

اگر یہ کہا جائے کہ 10 شرائط بیعت کی ہی تفصیل وتشریح ہے تو غلط نہ ہوگا آپ نے نظام وصیت میں شامل ہونے والے کے بارے میں جو خصوصیت بیان فرمائی وہ درج ذیل ہیں۔

☆ خدا تعالیٰ کو تمام قدرتوں کے ساتھ زندہ ہستی تصور کرتا ہو۔

☆ راست باز ہو۔

☆ متقی ہو۔

☆ حضرت مسیح موعود کے تمام دعاوی پر کامل یقین رکھتا ہو۔

☆ صالح ہو۔

☆ اپنی موت کو برحق اور ہر وقت قریب سمجھتا ہو۔

☆ تمام دنیا کو توحید پر قائم کرنے کے لئے کوشاں رہے اور اس مقصد کے لئے نرمی، اخلاق اور دعائیں کرنے والا ہو۔

☆ مل کر کام کرنے کا عادی ہو۔

☆ دوسری قدرت یعنی خلافت احمدیہ پر ایمان لانے والا ہو۔

☆ ہمدردی اور اپنے نفسوں کے پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لینے والا ہو۔

☆ نفسانی جذبات کو ترک کرنے والا ہو۔

☆ دنیا کی لذتوں پر فریفتہ نہ ہونے والا ہو۔ وہ لذتیں جو خدا سے جدا کرتی ہیں۔

☆ خدا کے لئے تلخی کی زندگی گزارنے والا ہو۔

☆ ایسی محبت کرنے والا ہو جس سے خدا راضی ہوتا ہو۔

☆ خدا کی رضا پانے کے لئے اپنی رضا، عزت اور مال کو چھوڑنے والا ہو۔

☆ خدا کے لئے ہر قسم کی تلخی برداشت کرنے والا ہو۔

☆ دین کے ساتھ دنیا کی ملونی رکھنے والا نہ ہو۔

☆ تمام ارادے خدا کے لئے رکھنے والا ہو۔

☆ شیطان کی کسی طرح پیروی کرنے والا نہ ہو۔

☆ اپنے نفس کو خدا کے لئے ختم کرنے والا ہو۔

☆ اپنی پاک قوتوں کو ضائع کرنے والا نہ ہو۔

☆ اس کی توحید کا اقرار نہ صرف زبان سے بلکہ عملی طور پر کرنے والا ہو۔

☆ کینہ وری سے پرہیز کرنے والا ہو۔

☆ بنی نوع سے سچی ہمدردی سے پیش آنے والا ہو۔

☆ ہر ایک راہ نیکی کی اختیار کرنے والا ہو۔

☆ آنے والے ابتلاؤں سے ڈرنے والا نہ ہو۔

☆ آخر وقت تک صبر کرنے والا ہو۔

☆ ایمان کے ساتھ دنیا کی ملونی شامل کرنے والا نہ ہو۔

☆ اپنے ایمان کو نفاق اور بزدلی سے آلودہ کرنے والا نہ ہو۔

☆ کلیۃً خدا کا ہو جائے۔

☆ خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے والا نہ ہو۔ نہ زمین میں نہ آسمان میں۔

☆ سچی توبہ کرنے والا ہو۔

☆ دین کو دنیا پر مقدم کرنے والا ہو۔

☆ اپنے اندر سچی اور پاک تبدیلی پیدا کرنے والا ہو۔

☆ ہر قسم کے نفاق، غرض نفسانی اور بدظنی سے پاک ہو۔

☆ مطیع وفرمانبردار ہو۔

☆ حضرت مسیح موعود کے ساتھ پوری وفاداری، پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھنے والا ہو۔

☆ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف (بہشتی مقبرہ) کے لئے چندہ دینے والا۔ جو صرف وصیت کرنے والوں سے لیا جائے گا۔

☆ اپنے ترکہ کا کم سے کم 1/10 حسب ہدایت ادا کرنے والا ہو اس سے زیادہ ادا کر سکتا ہے۔

☆ متقی، محرمات سے پرہیز کرنے والا، شرک و بدعت کا کام نہ کرنے والا ہو۔

☆ سچا اور صاف (مومن) ہو۔

☆ اگر پارسا طبع یا دیانتدار نہیں اور چالباز ہے اور دنیا کی ملونی اپنے اندر رکھتا ہے تو وہ اس مقبرہ بہشتی میں دفن نہ ہو سکے گا۔

وصیت کرنے کے بعد اپنی وصیت سے منکر ہو جائے یا سلسلہ سے روگردان ہو جائے تو اس کا مال رد کر دیا جاوے اور وہ نظام وصیت سے باہر ہو جائے گا۔

یہ خصوصیات ہیں جو ایک موصی میں ہونی چاہئیں اسی لئے وصیت کرنے سے پہلے اچھی طرح رسالہ الوصیت کا مطالعہ کیا جائے اور جب وصیت کر لی جائے تب بھی اس کو زیر مطالعہ رکھا جائے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام موصیان کی وصیتوں کو قبول فرمائے اور اپنی جنتوں کا وارث بنائے۔ آمین

☆☆☆

مکرم بشیر احمد اختر صاحب سیکرٹری جنرل جماعت احمدیہ برطانیہ

جماعت احمدیہ یو۔کے کی اٹھائیسویں مجلس مشاورت

جماعت احمدیہ یو۔ کے کی اٹھائیسویں مجلس مشاورت کے لئے 23/ 24 جون 2007ء کی تاریخیں طے پائی تھیں۔ گو اس کی تیاریاں مقررہ تواریخ سے چند ہفتے قبل ہی دفتر جنرل سیکرٹری میں شروع ہو چکی تھیں جس میں تمام ضروری رپورٹس کو مجلد صورت میں تیار کرنا اور پھر تمام منتخب عہدیداروں اور نمائندگان میں تقسیم کرنا بھی شامل تھا۔ امسال نیشنل مجلس عاملہ یو کے کا انتخاب بھی مشاورت کا اہم حصہ تھا۔

مورخہ 23 جون 2007ء صبح ساڑھے گیارہ بجے مشاورت کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت احمدیہ یو۔کے نے دُعا کروائی۔ بعد ازاں درج ذیل سیکرٹری صاحبان نے 2007-2006ء کی تجاویز پر اپنی رپورٹس پیش کیں۔ دعوت الی اللہ، تربیت، رشتہ ناطہ، صنعت وتجارت، تعلیم، وقف نو، وصیت، سمعی و بصری، مال (جس میں 2007-2006ء کا بجٹ بھی شامل تھا۔) رپورٹس کے بعد خاکسار نے جماعتوں کی طرف سے موصول شدہ چودہ تجاویز میں سے آٹھ وہ تجاویز جو مجلس عاملہ یو۔ کے نے مسترد کر دی تھیں مع وجوہ پڑھ کر سنائیں اور دو تجاویز کے بارے میں حضور اقدس کی ہدایات بھی پڑھ کر سنائیں۔

دوسرا اجلاس دوپہر تین بجے امیر صاحب یو۔کے کی صدارت میں شروع ہوا۔ بعد از تلاوت قرآن پاک اور دعا امیر صاحب نے گذشتہ سال جماعت یو کے کے مختلف پراجیکٹس کی تفصیل اور حضور انور کی بابرکت موجودگی سے وابستہ برکات کا اور حضور انور کی بابرکت موجودگی میں ہونے والی مختلف تقریبات اور حضور کے بعض خطابات کا ذکر کیا۔

مکرم امیر صاحب کی تقریر کے بعد چار سب کمیٹیوں کی تشکیل کی گئی۔ حضور اقدس نے مکرم عطاء المجیب صاحب راشد امام ومشنری انچارج کو نیشنل عاملہ یو۔کے کا انتخاب کروانے کی ذمہ داری سونپی تھی۔ شام کے پانچ بجے مکرم امام صاحب کی صدارت میں انتخاب شروع ہوا اور تین گھنٹے میں نہایت صاف ستھرے اور باوقار ماحول میں شام کے آٹھ بجے کارروائی کا اختتام ہوا۔ اس انتخاب کی نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ چوبیس عہدوں کے چناؤ کے دوران ایک دفعہ بھی ووٹرز کی گنتی دوبارہ نہیں ہوئی اور تمام کارروائی نہایت خوش اسلوبی سے انجام پائی۔ انتخاب کی کارروائی کے بعد کمیٹیوں نے تجاویز پر غور وخوض کیا اور نصف شب تک اپنی کارروائی مکمل کر لی۔

اگلے روز صبح ساڑھے نو بجے مشاورت کا تیسرا اجلاس مکرم امیر صاحب کی صدارت میں شروع ہوا جس میں مختلف سب کمیٹیوں کے چیئرمین نے اپنی سفارشات پیش کیں۔ مجلس مشاورت میں 190 نمائندگان میں سے 187 نمائندگان نے شمولیت کی۔

شوریٰ کے اختتامی اجلاس میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت شمولیت فرمائی اور اپنے خطاب سے نوازا۔ اختتامی اجلاس سے قبل حضور انور نے نمائندگان کے ساتھ دوپہر کے کھانے میں بھی شامل ہو کر برکت بخشی۔

قارئین سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جماعت کی مساعی میں برکت دے اور سب عہدیداران اور افراد جماعت کو حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کی نصائح پر احسن رنگ میں عمل کی توفیق بخشے۔

(الفضل انٹرنیشنل 20 جولائی 2007ء)

(بقیہ صفحہ 5)

ہی نہ رہے۔ ہم اپنے پاؤں پر خود کلہاڑے مار رہے ہیں اور آئندہ نسلوں کی تباہی کے ذمہ دار ہیں۔ ہم بھی شہروں اور دیہات میں سڑکوں کی تعمیر کی خاطر پرانے سرسبز درخت تہہ تیغ کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ لاہور میں بھی مال روڈ پر موجود اور نہر کے اطراف پر موجود بے شمار درخت کاٹے جا چکے ہیں اور باقیوں کے کاٹنے کے پروگرام بنائے جا رہے ہیں۔ ہمارے شہر پہلے ہی زبردست آلودگی کی آماجگاہ ہیں ہمیں چاہئے تو یہ تھا کہ اتنے درخت لگاتے کہ آلودگی کا سدباب ہو جاتا مگر ہم درخت کاٹ رہے ہیں اور کوئی نیا درخت نہیں لگا رہے نہ ہی ہماری اس طرف توجہ ہے۔ اگر ہر شخص یہ عہد کرے کہ اس نے کم از کم سال میں ایک درخت لگانا ہے پھر اس کو پرداخت کر کے اسے پروان چڑھانا ہے تو سالانہ سولہ کروڑ درختوں کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ کاش ہم ایسا کر سکیں۔

درختوں کی کمی کی وجہ سے فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار بڑھ گئی جو طرح طرح کی بیماریوں کا سبب بن رہی ہے۔

(نوائے وقت میگزین 20 مئی 2007ء)

دل کی پیوندکاری کا پہلا واقعہ

انسانی جسم میں دل کی پیوندکاری کا پہلا واقعہ جنوری 1967ء میں ہوا۔ جب مسی سپی (امریکہ) یونیورسٹی میڈیکل سنٹر کے ڈاکٹر جیمز ہارڈی نے ایک دل کے مریض بوڑھے شخص کے سینے میں نیا دل رکھ دیا۔ حیرت کی بات یہ کہ دل کسی انسان کا نہیں بلکہ چمپینزی بندر کا تھا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 72524 میں مہوش ظفر

بنت ظفراللہ خان قوم سراء پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 6/11L ضلع ساہیوال بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-12-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور اندازاً مالیتی -/7000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مہوش ظفر۔ گواہ شد نمبر 1 محمد الطاف اختر ولد مشتاق احمد۔ گواہ شد نمبر 2 نصراللہ خان ولد رحمت خان

مسل نمبر 72525 میں حسیب کاشان

ولد محمد انور لطیف قوم سراء پیشہ طالب علم عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 6/11L ضلع ساہیوال بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-3-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ حسیب کاشان۔ گواہ شد نمبر 1 محمد الطاف اختر ولد مشتاق احمد۔ گواہ شد نمبر 2 نصراللہ خان ولد رحمت خان

مسل نمبر 72526 میں نصیر الدین مان

ولد خورشید احمد قوم مان پیشہ موٹر سائیکل مکینک عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چونڈہ ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان برقبہ اڑھائی مرلہ مالیتی اندازاً -/150000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت مکینک مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نصیر الدین مان۔ گواہ شد نمبر 1 طاہر محمود مربی سلسلہ ولد ماسٹر محمد بخش (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 حفیظ احمد ولد ظفر احمد

مسل نمبر 72527 میں محمد حسین

ولد نور دین قوم راجپوت بھٹی پیشہ کاشتکاری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دریا پور ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 10 کنال واقع دریا پور اندازاً مالیتی -/250000 روپے (2) حویلی برقبہ 5 مرلہ واقع دریا پور اندازاً مالیتی -/40000 روپے (3) حویلی برقبہ 15 مرلہ واقع دریا پور اندازاً مالیتی -/120000 روپے (4) پیٹر انجن مالیتی اندازاً -/55000 روپے (5) بینک بیلنس -/80000 روپے (6) مویشی مالیتی اندازاً -/67500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/12000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد حسین۔ گواہ شد نمبر 1 عدنان احمد چیمہ مربی سلسلہ ولد نجیب احمد چیمہ۔ گواہ شد نمبر 2 محمد افضل ولد رحمت علی

مسل نمبر 72528 میں صدیقاں بیگم

بیوہ محمود احمد (مرحوم) قوم جٹ چیمہ پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منڈیکی بیریاں ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-7-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی پلاٹ 3 مرلہ مالیتی اندازاً -/55000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صدیقاں بیگم۔ گواہ شد نمبر 1 منصور احمد ولد محمود احمد (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 وقاص طاہر باجوہ ولد بشیر احمد باجوہ

مسل نمبر 72529 میں بشیر احمد

